تاریخ: ____________________

کیس نمبر: ____________________

کیس کا نام: ____________________

سنٹر: ____________________

کیس لوڈ: ____________________

نظر ثانی شدہ اسٹوریج فیس کی کارروائی کے درخواست دہندہ/درخواست دہندہ کے نام نوٹس اور بھتہ کے تقاضے
(Urdu)

اسٹوریج فیس کی ادائیگی کے لیے ہماری پالیسی اور کارروائی تبدیل ہو گئی ہے۔

آپ کو جو کچھ جاننے کی ضرورت ہے وہ یہ ہے:

- اسٹوریج یونٹ کے لیے ادا کردہ رقم گھرانے کے سائز اور مارکیٹ کی شرح کی بنیاد پر ہوگی (**صفحہ 2** دیکھیں)۔
- درخواست دہندگان اور شرکاء کو HRA کے تقاضوں سے باہر یک وقتی ادائیگی کے لیے منظوری مل سکتی ہے اگر آپ کا فرنیچر اور ذاتی سامان فی الحال اسٹوریج میں ہے، اور آپ بصورت دیگر اہل ہیں۔ آپ کا سامان اسٹوریج میں ہونے کا سبب یہ ہونا ضروری ہے کہ آپ کی موجودہ ہنگامی پناہ گاہ دوسری جگہ منتقل ہونے، خالی کرنے یا عارضی رہائش ہونے کے سبب درکار ہے ۔
- HRA درخواست دہندگان اور شرکاء کو اسٹوریج کی ان سہولیات کی فہرست فراہم کرے گا جو ہمارے علم کے مطابق نئی حددود میں ہیں لیکن ان میں سے کسی ایک کا استعمال کرنا لازمی نہیں ہے۔
- براہ کرم نوٹ کر لیں کہ HRA درج ذیل کمپنیوں کو اگلے نوٹس تک کوئی ادائیگی نہیں کرے گا:
  1. **Avi Moving & Trucking Inc.** یا **Avi Moving & Storage**
  2. **Baya Inc.** یا **Baya Inc., Moving & Storage**
  3. **Prime Moving & Storage Inc.**
  4. **Prime Moving & Trucking LLC**

فی الحال ان میں سے کسی بھی کمپنی کے پاس اپنا سامان اسٹور کرنے والے درخواست دہندگان اور شرکاء کے لیے، آپ کو یک وقتی ادائیگی کے لیے منظور کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ چاہتے ہینکہ HRA ادائیگیاں جاری رکھے تو، اپنا سامان اسٹوریج کے لیے کسی مختلف کمپنی میں منتقل کرنے کے لیے آپ کے پاس 30 دن کا وقت ہوگا۔

(صفحہ پلٹیں)

<u>پہلی بار اسٹوریج فیس بھتہ/گرانٹ کی درخواست کرنے والے درخواست دہندگان/شرکاء</u>
پہلی بار اسٹوریج فیس کی ادائیگی کے لیے درخواست دینے والے درخواست دہندہ/شرکاء کو درخواست کرتے وقت مذکورہ بالا اصولوں کی پابندی کرنا ضروری ہے۔

جب تک آپ کو خود کار اسٹوریج کی ادائیگی موصول کرنے والے DHS/HRA کی پناہ گاہ کے مکین نہ ہوں یا آپ کو مسلسل نقد اعانت (Cash Assistance) موصول نہیں ہو رہی ہو آپ کو ہر ماہ خود کو درکار اسٹوریج فیس بھتہ/گرانٹ کے لیے درخواست دینا ضروری ہے۔

<u>اسٹوریج فیس کے بارے میں اہم معلومات</u>
اسٹوریج فیس صرف اس فرنیچر اور ان ذاتی سامانوں کے لیے دستیاب ہے جو بے دخلی، دوبارہ بسائے جانے یا پناہ گاہ میں یا دیگر عارضی رہائش میں آپ کے داخل ہونے کے وقت آپ کے پاس موجود ہو اور جنہیں آپ اس وقت استعمال کرتے ہوں۔

اس گرانٹ کے ساتھ جس قسم کے آئٹم اسٹور کیے جا سکتے ہیں وہ قابل اجازت فرنیچر اور درج ذیل آئٹمز تک محدود ہیں:

- قانونی اور شناختی دستاویزات
- باورچی خانے کے آئٹم جیسے: میزیں، کرسیاں، پکانے کے برتن، اپلائنسز، ڈش ویئر، گلاس ویئر، اور ظروف
- بستر اور تولیے
- گھرانے کے ممبران کے کپڑے
- اعانتی طبی آلات
- دھلائی مشین اور ڈرایر
- ملازمت کے لیے درکار آئٹمز (نہ کہ کاروباری انوینٹری)
- گھریلو الیکٹرانک آلات
- تعلیمی مقاصد کے لیے درکار آئٹمز
- ذاتی یادگاریں

جو فرنیچر اسٹور کیا جا سکتا ہے اس کی مقدار گھرانے کے سائز کے لیے درکار مقدار سے زائد نہیں ہونی چاہیے اور مخصوص آئٹمز تک محدد ہے۔ جو ذاتی سامان اسٹور کرنا ہے اس کی مقدر گھرانے کے سائز کے لیے درکار مقدار سے زائد نہیں ہونی چاہیے اور تعداد اور کل حجم کے لحاظ سے معقول ہونا ضروری ہے۔

HRA FIA کی اسٹوریج کی حد کا شیڈول

گھرانے کا سائز	گھرانے	زیادہ سے زیادہ شرح
+1	**5x5x4 (لاکر) 100 مکعب فٹ**	**$60.00**
+1	**5x5x8 - 200 مکعب فٹ**	**$150.00**
+1	**5x10x8 - 400 مکعب فٹ**	**$216.00**
+3,+2	**5x15X8 - 600 مکعب فٹ**	**$279.00**
+5,+4	**10X10x8 - 800 مکعب فٹ**	**$368.00**
+6	**10x15x8 - 1200 مکعب فٹ**	**$547.00**

(صفحہ پلٹیں)

HRA اسٹوریج فیس کی گرانٹ کے لیے آپ کی درخواست مسترد کر سکتا ہے اگر:

- آپ کے پاس مستقل رہائش ہے یا آپ کو پیش کی گئی تھی
- آپ مستقل رہائش سے یا مستقل رہائش میں منتقل ہو رہے ہیں
- آپ نے ہمیں اسٹوریج بل نہیں دیا
- آپ نے اسٹوریج بل کے لیے درخواست دی یا ہمیں تاخیر سے بل دیا
- جو آئٹمز آپ اسٹور کر رہے ہیں یا اسٹور کرنے کا آپ کا ارادہ ہے اس کی مقدار معقول نہیں ہے
- آپ کے پاس اسٹوریج کی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے آمدنی یا وسائل ہیں یا آپ کے پاس اسٹوریج کے دیگر اختیارات ہیں
- آپ ہنگامی یا نقد اعانت کے لیے اہل نہیں ہیں
- اسٹوریج یونٹ کی تعداد آپ بڑھا دیتے ہیں
- اوپر بیان کردہ حدود سے زائد اسٹوریج کی جگہ یا لاگت کے لیے یک وقتی گرانٹ موصول ہو جانے، یا ایسی کمپنی استعمال کرنے کے بعد جس کے لیے HRA ادائیگی نہیں کرے گا، آپ نے اگلے ماہ تک، اپنے ذاتی سامان میں کمی نہیں کی یا اپنے گھرانے کے سائز یا اس کمپنی کے لیے جسکے لیے HRA ادائیگی کرے گا قابل اجازت اسٹوریج کی جگہ میں انہیں منتقل نہیں کیا۔

درخواست دہندہ/شرکت کنندہ کے دستخط: ______________________ تاریخ: ______________

کارکن کا نام: ______________________ تاریخ: ______________

کارکن کے دستخط: ______________________ تاریخ: ______________

کیا آپ کو طبی یا ذہنی صحت کی کیفیت یا معذوری لاحق ہے؟ کیا اس کیفیت کی وجہ سے آپ کے لیے اس نوٹس کو سمجھنا یا اس نوٹس میں جو کچھ لکھا ہے اسے انجام دینا مشکل ہوتا ہے؟ کیا اس کیفیت کی وجہ سے آپ کے لیے HRA میں دیگر خدمات حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے؟ **ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔** ہمیں 718-557-1399 پر کال کریں۔ آپ HRA دفتر جا کر بھی اس قسم کی مدد طلب کر سکتے ہیں۔ آپ کو قانون کے تحت اس قسم کی مدد حاصل کرنے کا حق ہے۔